
# اپنے بچے میں ”مختلف ذہانتوں“ کی دریافت اور حوصلہ افزائی کیجئے۔

| اقسام | تعریف | بڑھانے کی سرگرمیاں | متعلقہ پیشے |
|---|---|---|---|
|  زُبان سے متعلق ذہانت | اس ذہانت کا براہِ راست تعلق بہتر اور مؤثر زبانی اظہار کی صلاحیت اور دیگر چیزوں سے ہوتا ہے۔ اس زمرے کے لوگ کسی بات کو بہتر طور پر بیان کرنے، تقریر کرنے، تدریس اور بولنے کی طرف راغب ہوتے ہیں۔ وہ اچھے داستان گو اور کہانی لکھنے والے بھی ہوتے ہیں۔ | اس خاص ذہانت کو کتابیں پڑھنے، حروف کے ذریعے الفاظ بنانے، تعلیمی کھیلوں کے ذریعے، کہانیاں سننے اور بحث و مباحثے میں شرکت سے بڑھایا جاسکتا ہے۔ | مصنف، شاعر، اُستاد، اداکار، مقرر، مارکیٹنگ اور رابطہ کرنے والے ماہرین وغیرہ۔ |
|  جگہ (مکانی) نوعیت کی ذہانت | اس ذہانت میں ایک انفرادی شخص یا بچے کے اپنے ذہن میں دنیا کے بارے میں تصوّر کو دیکھا جاتا ہے۔ یہ ذہانت کسی چیز کا تصوّر کرنے، مشاہدہ، ڈرائنگ اور دیگر فنکارانہ صلاحیتوں کو بڑھاتی ہے۔ مضبوط مکانی ذہانت کے حامل افراد دنیا کا بہتر تصوّر کرنے اور چیزوں کا دُرست اندازہ لگانے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ | اسے تصویری، پلاسٹک آرٹ، مشاہدات کو بہتر بنانے، بھول بھلیوں (Mazes) کو حل کرنے اور دیگر مکانی سرگرمیوں کے علاوہ بصری اور تصوّر کرنے والی مشقوں سے بڑھایا جاسکتا ہے۔ | اس اقسام کے پیشہ ور افراد میں مصور، پینٹر، مجسمہ ساز اور خاکہ نگار شامل ہیں۔ اسی میں فوٹو گرافر اور کیمرے کے ذریعے فلم بنانے والے بھی شامل ہیں۔ |
|  منطقی ذہانت | اس ذہانت کو رکھنے والے وہ لوگ شامل ہیں جو ایبسٹریکٹ اشکال (آرٹ کی ایک قسم)، اعداد، جمع و تفریق میں بہتر صلاحیت رکھتے ہیں۔ ایسے لوگ حساب کتاب کرنے میں اور کمپیوٹر سے متعلق مختلف مشکل ترین کاموں کے بارے میں جانتے ہیں اور اس کی تفصیل معلوم کرسکتے ہیں۔ | اسے درجہ بندی (Classification) اور سلسلہ بندی (Sequence) کی سرگرمیوں، اعداد اور منطق کے کھیل اور مختلف اقسام کے معموں (Puzzles) سے بڑھایا جاسکتا ہے۔ | اس درجے میں زیادہ تر سائنس داں اور منطقی سوچ رکھنے والے ماہرین شامل ہیں۔ ریاضی داں اور کمپیوٹر سافٹ ویئر پروگرامر میں بھی یہ صلاحیت موجود ہوتی ہے۔ |
|  جسمانی اور حرکاتی حسّیت کی ذہانت | اس درجے کے لوگ جسمانی طور پر حساس اور مختلف کام کے لیے جسم کا بھرپور استعمال کرتے ہیں۔ وہ اپنی جسمانی حرکات کو اس مؤثر انداز میں استعمال کرتے ہیں کہ بہت سے لوگوں نے اسے ”جسمانی ذہانت“ کا نام دیا ہے۔ | تعمیراتی اشیاء اور بلاک کے کھیلوں سے اس ذہانت کو بڑھایا جاسکتا ہے۔ رُقص، سرگرم کھیلوں اور گیمز میں حصّہ لینے، ڈراموں میں شرکت کے علاوہ کئی اقسام کی ہنرمندی سے مسائل حل کرنے اور اکتساب حاصل کرکے اس میں اضافہ کیا جاسکتا ہے۔ | اداکاری، رقص یا جسمانی تربیت انہیں کھیل کود میں بھرپور حصہ لینے اور اداکاری کی جانب راغب کرتی ہے۔ |
|  موسیقی کی ذہانت | موسیقی کی مضبوط ذہانت رکھنے والے لوگ آواز اور موسیقی کی ہم آہنگی اور تصویری اشکال کا اندازہ لگانے اور سمجھنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ وہ موسیقی کے مختلف آلات بہتر طور پر بجالیتے ہیں اور موسیقی کی ساخت اور قسم کو پہچان سکتے ہیں۔ اسی لیے خود سے موسیقی اور دُھنیں تیار کرلیتے ہیں۔ | اس ذہانت کو مختلف گانے اور موسیقی کی مختلف آوازوں کو سننے سے بڑھایا جاسکتا ہے۔ دُھن یا موسیقی کے کھیل اور سرگرمیوں، گلوکاری، رُقص اور مختلف آلاتِ موسیقی بجانے سے بھی اس میں اضافہ کیا جاسکتا ہے۔ | گلوکار، موسیقار، میوزک ڈائریکٹر حتیٰ کہ موسیقی کے اُستاد۔ دنیا کے عظیم ترین موسیقار مثلاً تان سین، موزارٹ اور بیتھوون اسی زمرے میں آتے ہیں۔ |
|  لوگوں سے تعلق قائم کرنے کی ذہانت | دوسرے افراد سے متعلق ذہانت کے حامل افراد میں دوسرے لوگوں کو بہتر طور پر سمجھنے کی ذہانت ہوتی ہے۔ سماجی طور پر وہ باشعور ہوتے ہیں اور دوسروں کے انفرادی مسائل حل کرنے میں مدد کرتے ہیں۔ وہ گروہی سرگرمیوں میں بہتر ہوتے ہیں اور زبانی و دیگر طریقوں سے بہتر اظہار کی وجہ سے تقریب کی جان ہوتے ہیں۔ | اسے شراکتی کھیلوں، ٹیم پر مشتمل کھیلوں، گروپ پروجیکٹ اور مباحثے، کتاب، ادب، ڈرامائی سرگرمیوں اور کردار ادا کرنے سے مختلف ثقافتوں اور سماجی رویوں پر تحقیق سے یہ ذہانت بڑھائی جاسکتی ہے۔ | تدریس ہمیشہ سے سرفہرست ہے۔ عوامی خطیب، سیاستداں اور سیلز پرسن وغیرہ۔ |
|  اپنی ذات کے متعلق ذہانت | اس ذہانت میں ایک فرد خود کو سمجھنے کی بہتر صلاحیت رکھتا ہے۔ اس درجے کے لوگ اپنے مقاصد سے آگاہ ہوتے ہیں کہ انہیں زندگی میں کیا کرنا اور کیا حاصل کرنا ہے۔ ایسے افراد آزادانہ فکر کے حامل ہوتے ہیں اور لوگوں کو اپنی جانب متوجہ کرتے ہیں کیونکہ وہ جذباتی طور پر پُرسکون ہوتے ہیں اور دباؤ کے لمحات میں واضح سوچ رکھتے ہیں۔ | اس ذہانت کو انفرادی اور بااختیار طور پر کسی کام میں شرکت، کتابوں کے مطالعے بالخصوص ایسی کتب جن میں کرداروں کو مضبوط طریقے سے بیان کیا گیا ہو، سے فروغ دیا جاسکتا ہے۔ تحریری مواد لکھنے، تصوّراتی سرگرمیوں اور کھیل اور غور و فکر کے لیے خاموش مقامات پر وقت گزارنے سے بھی بڑھاوا دیا جاسکتا ہے۔ | کنسلٹنٹ کے طور پر کام کرنے والے، مشیر اور معاونین کیونکہ ایسے لوگوں کی سوچ بہت واضح ہوتی ہے اور یہ کئی طرح سے کسی صورتحال کا جائزہ لے سکتے ہیں۔ |
|  فطرت سے وابستگی کی ذہانت | ایسے لوگ اپنے اِرد گرد موجود فطرت اور قدرت سے آگاہ ہوتے ہیں۔ وہ اس کے قدرتی خواص سے حساس ہونے کے ساتھ ساتھ انسانوں، جانوروں اور پودوں کے یکساں دوست ہوتے ہیں۔ وہ فطرت میں پوشیدہ سائنسی اشکال اور تعلق کو پہچان لیتے ہیں اور اسی ضمن میں فنکارانہ رجحان بھی رکھتے ہیں۔ | فطرت کے مشاہدے اور دریافت، پودوں، کیڑے مکوڑوں اور جانوروں کے جمع کرنے، ان کی درجہ بندی کرکے ان کے رویوں میں یکسانیت کی تلاش وغیرہ جیسے اُمور سے یہ صلاحیت بڑھائی جاسکتی ہے۔ | پودوں کے متعلق، آسمان اور اس میں موجود چیزوں کے متعلق اور کھانا پکانے کے ماہرین میں یہ ذہانت ہوتی ہے۔ وہ جانوروں یا چڑیا گھر کے اچھے نگراں، جانوروں کے حقوق اور ماحولیات سے متعلق سماجی کارکن بن سکتے ہیں۔ |


پرورش اردو اور انگریزی زبان میں بھی دستیاب ہے۔

پرورش مفت حاصل کرنے کے لئے ہمیں ای میل کریں:


nurture@ecdpak.com

پلاٹ 9، بلاک 7، کہکشاں کلفٹن 5، کراچی-75600

فون نمبر: (92-21) 111 424 111 (Ext: 216)

فیکس نمبر: (92-21) 99251652

www.ecdpak.com



# پرورش

ابتدائی بچپن کی نشوونما پر پاکستان کا پہلا جریدہ

Issue No. IV November, 2005